۵ مُسلمان وہ ہے جِس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مُسلمان محفوظ رہیں۔

بخاری باب الانتہاء عن المعاصی ص ۹۶۰ ج ۲

۶ ماں باپ کو ستانے کا وبال دُنیا میں بھی آتا ہے۔

مشکوٰۃ باب البر والصلۃ ص ۴۲۱ ج ۲

۷ غنیمت سمجھو پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں کے آنے سے پہلے :۔

* جوانی کو بڑھاپے سے پہلے۔
* تندرستی کو بیماری سے پہلے۔
* مالداری کو فقر سے پہلے۔
* فراغت کو مشغولی سے پہلے۔
* زندگی کو موت سے پہلے۔

صلوٰۃِ استخارہ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضُور صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم ہم کو (اہم) کاموں میں اس طرح استخارہ تعلیم فرماتے تھے جس طرح قرآنِ پاک کی سورتوں کو یاد کراتے تھے اور فرماتے تھے کہ جَب تم میں سے کوئی اہم کام کا ارادہ کرے تو دو رکعت نفل پڑھے پھر یہ دُعا پڑھے جو آگے آرہی ہے بخاری باب الدعاء عند الاستخارۃ ص ۹۴۴ ج ۲

اور حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ اے انس! جب تم کو کوئی امر تردّد

ے المستدرك ص ۳۴۱ ج ۴ رقم ۷۸۴۶ شرح السنۃ ص ۲۷۶، ۲۷۷ ج ۷ رقم (۳۹۱۶)

Table of Contents

میں ڈال دے تو اپنے رب سے استخارہ کرو اور سات مرتبہ استخارہ کرو۔ پھر دِل میں جو بات غالب آجائے اسی میں خیر سمجھو۔
شامی ص ۵۰۷ ج ۱

فائدہ : کِسی خواب کا نظر آنا یا کِسی آواز کا سُنائی دینا ضروری نہیں۔ اسی طرح دوسروں سے اِستخارہ کرانا ثابت نہیں، دوسروں سے مشورہ لینا سُنّت ہے۔ حدیثِ پاک ہے جو مشورہ سے کام کرتا ہے نادم نہیں ہوتا اور جو اِستخارہ کر کے کام کرتا ہے وُہ نامُراد نہیں ہوتا۔

نمازِ اِستخارہ پڑھنے کا موقع نہ ہو اور جلدی سے کِسی امر میں اِستخارہ کرنا ہے تو صِرف دُعائے اِستخارہ کافی ہے اور اگر یہ دُعا اِستخارہ کی یاد نہ ہو تو یہ مختصر سی دُعا کر لے :

اَللّٰھُمَّ خِرْلِیْ وَاخْتَرْلِیْ ○ شامی ص ۳۷۰، ۳۷۱ ج ۲

دُعائے اِستخارہ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ۔ اَللّٰھُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ (اِس جگہ اپنے مطلب کا خیال کرے) خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ

Table of Contents

اَمْرِیْ فَاقْدِرْهُ لِیْ وَيَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ (اِس جگہ اپنے مطلب کا خیال کرے) شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِيْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ ۝ [1]

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے خیر طلب کرتا ہوں آپ کے علم کے واسطے سے اور قُدرت طلب کرتا ہوں آپ کی قدرت کی مدد سے اور آپ سے سوال کرتا ہوں آپ کے فضل کا۔ پس بے شک آپ قدرت رکھنے والے ہیں اور میں عاجز اور کمزور ہوں اور آپ جانتے ہیں، میں نہیں جانتا اور آپ پوشیدہ باتوں کو بخوبی جاننے والے ہیں۔ اے اللہ! اگر یہ کام جو آپ کے علم میں ہے میرے لئے میرے دین، مُعاش اور آخرت کے لئے خیر ہے تو اس کو میرے لئے مقدّر فرما دیجئے اور آسان فرما دیجئے۔ اور پھر اس میں میرے لئے برکت ڈال دیجئے اور اگر آپ کے علم میں اس کے اندر شر ہے میرے دین اور مُعاش اور آخرت کے لئے تو اس کو مجھ سے دُور کر دیجئے اور مجھ کو اس سے دور کر دیجئے اور جہاں خیر ہو اس کو میرے لئے مقدر کر دیجئے اور مجھ کو اس پر راضی کر دیجئے۔

اس دُعا کے بعد جو دِل میں خیال غالب ہو جائے اسی میں خیر سمجھے۔

---

[1] بُخاری باب الدعاء عند الاستخارۃ ص ۹۴۴ ج ۲
ترمذی باب ماجاء فی صلوۃ الاستخارہ ص ۱۰۹ ج ۱
حِصن حصین ص ۲۶۳